# آجرین: سوشل سیکیورٹی انتظامیہ کے بارے میں آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے
# عدم مماثلت کے خطوط

### SSA "کا عدم مماثلت" کا خط کیا ہے؟

سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (SSA) کا عدم مماثلت کا خط، جسے باضابطہ طور پر "آجر کے ذریعہ اصلاح کی درخواست" کا نوٹس کہا جاتا ہے، ایک معلوماتی خط ہے جس کا مقصد آجر کے ذریعہ فائل کی گئی معلومات اور SSA ریکارڈوں کے درمیان فرق یا تضاد کے بارے میں آجر کو آگاہ کرنا ہے جس کا اثر سوشل سیکیورٹی بینیفٹس کے لیے ملازم کی آمدنی کے ریکارڈ کی درستگی پر پڑ سکتا ہے۔ خط یہ بتاتا ہے کہ مذکورہ ملازم کا نام اور/یا سوشل سیکیورٹی نمبر (SSN)، SSA کے ریکارڈوں میں موجود نام اور/ یا SSN سے میل نہیں کھا رہا ہے۔ SSA نے کئی سالوں کے بعد، پھر مارچ 2019 سے آجرین کو یہ خط جاری کرنا شروع کیا ہے۔

### کیا SSA کے عدم مماثلت کے خط کی موصولی آجر یا ملازم کے ذریعہ غلطی کے لیے نوٹس کی حیثیت رکھتی ہے؟

**نہیں۔** فرق یا تضاد کی بہت سی وجوہات ہو سکتی ہیں، جس میں ٹائپ کی غلطی، محررانہ غلطیاں، یا غیر اطلاع کردہ نام کی تبدیلی شامل ہے۔ SSA کا خط یہ بتاتا ہے کہ: *"اس خط سے مراد یہ نہیں ہے کہ آپ [آجر] یا آپ کے ملازم نے، ملازم کے نام یا SSN کے سلسلے میں جان بوجھ کر سرکار کو غلط معلومات فراہم کی ہیں۔"* [1]

### کیا SSA کے عدم مماثلت کے خط کی موصولی کا یہ مطلب ہے کہ ملازم بغیر دستاویز والا ہے یا بصورت دیگر اسے کام کرنے کی اجازت حاصل نہیں ہے؟

**نہیں۔** جیسا کہ اوپر درج کیا گیا ہے، SSA کو عدم مماثلت کا خط بھیجنے کی ضرورت، مختلف وجوہات سے ہو سکتی ہے۔ SSA کا خط یہ بتاتا ہے کہ: *"یہ خط آپ کے ملازم کی کام کرنے کی اجازت یا امیگریشن کی صورتحال کے بارے میں نہیں ہے۔"* امریکی محکمہ انصاف نے بھی یہ مشورہ دیا ہے کہ آجرین کو اس خط کی موصولی کی وجہ سے یہ گمان نہیں کرنا چاہیے کہ اس میں نامزد ملازم کی امیگریشن کی صورتحال کے ساتھ کوئی مسئلہ ہے۔[2]

### جن آجرین کو عدم مماثلت کا خط ملتا ہے انہیں کیا کرنا چاہیے؟

عدم مماثلت کا خط اس بارے میں ہدایات فراہم کرتا ہے کہ کس طرح نام اور SSN میں عدم مماثلت کو دیکھیں اور درست کریں۔ آجرین کو چاہیے کہ وہ ملازمین کو خط کی ایک کاپی فراہم کریں تاکہ ملازمین اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرسکیں کہ SSA کے پاس درست معلومات رہیں۔ SSA مزید معلومات اپنی ویب سائٹ پر فراہم کرتی ہے، جو نوٹسز کے نمونے، قدم بہ قدم ہدایات، اور اکثرپوچھے گئے سوالات (FAQs) پر مشتمل ہے: https://www.ssa.gov/employer/notices.html۔

جیسا کہ SSA کے خط میں بتایا گیا ہے: "کسی ملازم کے خلاف منفی کارروائی نہ کریں، جیسے کہ صرف اس وجہ سے برطرفی، معطلی، برخاستگی، یا اس فرد کے خلاف امتیاز برتنا کہ اس خط میں اس بات کی نشاندہی کی گئی ہے کہ اس کے ذریعہ ہمیں دیے گئے *SSN* یا نام کے درمیان عدم مماثلت ہے۔"

### کیا اصلاحات جمع کروانے کے لیے کوئی آخری تاریخ ہے؟

**نہیں۔** اس کی کوئی آخری تاریخ نہیں ہے۔ SSA عدم مماثلت کے خطوط کو "معلوماتی خطوط کہتی ہے جس کا مقصد آجرین کو عدم مماثلت سے آگاہ کرنا ہے۔"

مزید برآں، SSA نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ نفاذ قانون کی ایجنسی نہیں ہے اور، جون کے اوائل میں، کانگریس کے افسران کے ذریعہ اس بات کی تصدیق کی گئی کہ یہ "کوئی کارروائی نہیں کرتی، نہ ہی آجرین کے لیے [عدم مماثلت] کے خطوط کی عدم تعمیل کی صورت میں SSA سے متعلق کوئی عواقب ہیں۔[3]

*(اگلے صفحہ پر جاری)*

---

[1] سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن ریٹائرمنٹ، سروائیورز، اور ڈس ایبلیٹی انشورنس ایمپلائر سے اصلاح کی درخواست کا نمونہ یہاں دستیاب ہے https://www.ssa.gov/employer/notices/EDCOR%20Letter%20-%20Final%209-16-19508.docx.pdf

[2] محکمہ انصاف، کا نام/سوشل سیکیورٹی نمبر میں "عدم مماثلت" سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات، https://www.justice.gov/sites/default/files/crt/legacy/2010/12/29/FAQs.pdf

[3] سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن کی کارگزار کمشنر Nancy A. Berryhill (نینسی اے بیری ہِل)، تعلیمی مراسلت پر خط/آجر کے ذریعہ اصلاح کی درخواست (یعنی "عدم مماثلت") کے خطوط بنام Hon. Jim Acosta (جِم اکوسٹا) (مورخہ 3 جون، 2019)۔

[4] سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن، وہ سوالات جو آجر کے ذریعہ اصلاح کی درخواست کے نوٹس کے حوالے سے آجرین پوچھتے ہیں، اس پتے پر دستیاب ہیں https://www.ssa.gov/employer/notices/Questions%20Employers%20Ask%20Final.pdf.

## کیا SSA ایسے آجرین اور ملازمین کے بارے میں کسی معلومات کا اشتراک کرتی ہے جن کے ریکارڈز دیگر ایجنسیوں سے میل نہیں کھاتے ہیں؟

SSA کے مطابق، عدم مماثلت کے خط کا ڈیٹا تحفظ یافتہ وفاقی ٹیکس کی معلومات ہے اور، اسی وجہ سے، SSA کے لیے "ان معلومات کا اشتراک دیگر ایجنسیوں کے ساتھ کرنا ممنوع ہے تاوقتیکہ وہ [داخلی ضابطۂ محصول کے سیکشن] 6103 کے تحت صراحت کردہ کسی مقصد کے لیے ہو۔" [4] SSA عدم مماثلت کی معلومات کا اشتراک انٹرنل ریونیو سروس (IRS) کے ساتھ نہیں کرتی کیونکہ SSA کو IRS کا ایک ایجنٹ مانا جاتا ہے۔

## آجرین اور ملازمین کیسے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں؟

آجرین قانونی صلاح کار یا صنعت کی انجمنوں سے مشورہ کر سکتے ہیں۔ ملازمین اپنے کام کی جگہ کے نمائندوں سے مشورہ کرنے اور/ یا جہاں مناسب ہو، اصلاحات کرنے کے لیے قانونی مدد لے سکتے ہیں۔ امیگریشن سے متعلق قانونی مدد کے ضرورت مند نیویارک کے باشندے 311 پر کال کر کے حوالے کے لیے "ActionNYC" یا "امیگریشن لیگل سروسز" کہیں۔

## SSA کے عدم مماثلت کے خطوط اور نیویارک سٹی کے حقوق انسانی کے قوانین کے تحت امتیاز سے بچنا

فرق یا تضاد کی وجہ سے کسی ملازم کے خلاف منفی کارروائی کرنے، جیسے کہ ملازم کو چھٹی پر بھیج دینے یا ملازمت ختم کردینے سے، NYC حقوق انسانی کے قانون (NYCHRL) کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔ NYCHRL دیگر تحفظات کے ساتھ ساتھ آجرین کو ملازم کے حقیقی یا قیاسی امیگریشن کی صورتحال، قومی اصل، یا کسی دیگر تحفظ یافتہ درجہ کی رکنیت کے سبب اس کے خلاف، یہاں تک کہ جزوی طور پر بھی، امتیاز برتنے سے روکتا ہے۔ ایک آجر جو عدم مماثلت کے خط کی موصولی کا استعمال کسی ملازم کے خلاف امتیاز برتنے یا انتقامی کارروائی کے طور پر کرتا ہے وہ $250,000 کے سول جرمانوں کا مستوجب ہو سکتا ہے اور اسے متاثرہ ملازم کو ہوئے نقصان کی تلافی کے لیے ادائیگی کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔ ریاستی اور وفاقی قانون بھی امتیاز سے منع کرتے ہیں اور ان میں جرمانوں کا اہتمام بھی ہے۔

ذیل میں عدم مماثلت کے خطوط کے سبب NYCHRL کی خلاف ورزیوں کی مثالیں ہیں:

- آجر کو عدم مماثلت کا خط ملتا ہے جس میں ایک ایسے ملازم کا نام درج ہے جو فلپائن سے ترک وطن کرکے آیا ہے۔ آجر طویل عرصے سے اس ملازم کے لہجے کے سبب اسے برخاست کرنے کی وجہ تلاش کر رہا ہے، اگرچہ اس سے اپنا کام کرنے کی اس کی اہلیت پر متاثر نہیں ہوتی، اور ملازم قانونی لحاظ سے کام کرنے کا اہل ہے۔ عدم مماثلت کا خط موصول ہوتے ہی، آجر ملازم کو برخاست کر دیتا ہے۔
- ایک آجر کو عدم مماثلت کے مسائل کی معلومات کے ساتھ عدم مماثلت کا خط ملتا ہے۔ آجر فرض کرلیتا ہے کہ اس میں ایک برطانوی تارک وطن کارکن کا اندراج، اس ملازم کے ذریعہ فراہم کردہ معلومات میں غلطی کی وجہ سے ہے۔ آجر ملازم کو خط کی ایک کاپی دیتا ہے اور مزید کوئی کارروائی نہیں کرتا۔ تاہم، آجر کو شبہ ہے کہ عدم مماثلت کے خط میں درج متعدد دیگر کارکنان، جو کہ میکسیکو کے تارکین وطن ہیں، کے پاس قانونی امیگریشن کی حیثیت نہیں ہے۔ آجر ان سے نئے I-9 فارمز بھرنے اور کام کی اجازت کا اصل ثبوت لانے کا تقاضہ کرتا ہے۔ کچھ کارکنان یہ معلومات نہیں لا پاتے ہیں؛ لہٰذا آجر ان کی ملازمت ختم کردیتا ہے۔ چونکہ آجر نے صرف میکسیکو کے ملازمین سے ہی دستاویزات فراہم کرنے کو کہا ہے، لہذا یہ آجر NYCHRL کے تحت قومی اصل اور امیگریشن کی صورتحال کی بنیاد پر امتیاز برتنے کے لیے جوابدہ ہوگا۔
- ایک ملازم کو کام پر واضح الفاظ میں سیاہ فام ملازمین کے لیے غیر منصفانہ شرائط و ضوابط کے بارے میں بتایا گیا۔ بعد میں اس آجر کو عدم مماثلت کا خط ملتا ہے جس میں اس ملازم کے معاملے میں عدم مماثلت کے مسئلے کی نشاندہی کی گئی ہے۔ آجر ملازم کے ذریعہ امتیاز برتے جانے کی شکایت کے جواب میں ملازم کو نکالنے کا فیصلہ کرتا ہے اور ملازمت سے نکالنے کے عذر کے طور پر عدم مماثلت کے خط کا استعمال کرتا ہے۔ یہ آجر NYCHRL کے تحت انتقامی کارروائی کے لیے جوابدہ ہوگا کیونکہ اس نے ملازم کے تحفظ یافتہ سرگرمی میں شمولیت کے سبب ملازم کے خلاف منفی کارروائی کی ہے۔

---

**آجرین کے لیے اضافی وسائل:**

امیگریشن کی صورتحال اور قومی اصل کی بنیاد پر امتیاز سے متعلق نفاذ قانون کے رہنما ہدایات:
https://www1.nyc.gov/assets/cchr/downloads/pdf/publications/immigration-guidance.pdf

*I-9* اور روزگار کی تصدیق کی کارروائی میں امتیاز سے کیسے بچیں: https://www.justice.gov/crt/page/file/1132606/download

شہریت کی صورتحال کی بنیاد پر امتیاز کے حوالے سے آجرین کے لیے معلومات
https://www.justice.gov/crt/page/file/1080256/download

*SSA* کے عدم مماثلت کے سلسلے میں امریکی محکمۂ انصاف کے رہنما ہدایات:
https://www.justice.gov/crt/ssa-no-match-guidance-page